5710-کیا عورت یہ خواہش کرسکتی ہے کہ وہ مرد ہو۔

سوال

مرد کو جنت میں ایک سے زیادہ حوروں کا بدلہ کیوں دیا جائے گا حالانکہ عورت کے ساتھ یہ معاملہ نہیں ؟ حقیقت میں تو یہ ہونا چاہئے کہ وہ اپنے خاوند میں دوسروں کے ساتھ شریک ہو (حوروں وار بیویوں)
توکیا اس موضوع کے متعلق کوئی اورچیز بھی ہے جسکا مجھے علم نہیں ۔ میں یہ جانتا ہوں کہ جنت میں شادی اور خاوندں سے بھی زیادہ کچھ ہوگا لیکن مجھے پھر اس سوال کا جواب چاہئے ۔ یہ موضوع میرے ذہن میں بہت لمبی مدت سے گھوم رہا ہے ۔

پسندیدہ جواب

صحابیات میں سے بعض نے یہ خواہش کی کہ وہ مرد ہوں تاکہ اللہ تعالی کے راستہ میں جہاد کریں تواللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی ۔

"اوراس کی آرزو نہ کروجس کے باعث اللہ تعالی نے تم میں سے بعض کو بعض پر بزرگی دی ہے مردوں کا اس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا اور عورتوں کے لئے اس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا اور اللہ تعالی سے اس کا فضل مانگو یقینا اللہ تعالی ہر چیز کا جاننے والا ہے" النساء/32

تواللہ تعالی نے عورتوں کو ایسے تمنا کرنے سے منع کردیا جوکہ مرد کے ساتھ خاص ہیں تواللہ تعالی نے مردوں کے لئے دنیا میں عمل کا حصہ اور آخرت میں جزاوبدلہ کا حصہ مقرر کردیا اوراسی طرح عورتوں کے لئے بھی مقرر کیا ۔

میں اللہ تعالی جوکہ ہبہ کرنے والا ہے سے دعا گو ہوں کہ وہ آپ کو اس تمنا کے بدلے اپنا فضل دے ۔

اور بھلائی میں سے جوچیز اللہ نے اپنے بندوں کے لئے تقسیم کی ہے اسے اس کا بخوبی علم ہے کہ انہیں کیا اچھا رہے گا ۔

واللہ اعلم .